Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم شوال ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۹ مئی ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۲

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
بتاریخ ۱۸ مئی ۱۹۲۴ء

مولوی محمد شبیت احمد تحصیلدار حضور تحصیل بلاد و دیگر متعلقہ کام کے ڈپٹی بہادر کی خدمات بھی
انجام دیا کرینگے اور اس خدمت کا الاؤنس ان کو بتعداد پچاس روپیہ ماہوار برآورد
ڈپٹی بہادر میں مندرج ہوکر ملا کریگا۔

حسب الحکم

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر ڈائرکٹری مولوی شبیت احمد صاحب تعیین تنخواہ مخدوم صاحب معرفت گراں گورنمنٹ واپسی اختیارات بندوبست بسید محمود الحسن صاحب مہتمم بندوبست	۱ ۱ ۱
۲	نقشہ حیات ممات	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

محمد عنایت اللہ خان نگران کوٹھیات کے احکام تقرر مشیر جاری ہو چکے ہیں مگر تنخواہ کا تعین ہنوز نہیں ہوا انکی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار الاونس سواری تیس روپیہ ماہوار جملہ اسی روپیہ ماہوار مقرر کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں۔

[illegible]

نقل روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

صاحب مہتمم بندوبست کی رپورٹ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء برجوع عرضداشت اجلاس ہذا اجلاس ہمایون میں ارسال ہوئی اور سرکار بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سے ۶ مئی سنہ ۱۹۲۲ء کو حسب دفعہ ۵۹ و ۶۰ ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء قانون مالگذاری اختیارات بندوبست سید محمود حسن صاحب مہتمم بندوبست کو دیا جانا منظور فرمایا گیا اور مضامین اشتہارات ہمرشتہ اور انکا اجرا بھی منظور فرمایا گیا ہے

چونکہ (۱۱۶) مواضعات کی میعاد بندوبست سابق ۱۳۳۰ف میں ختم ہو چکی ہے جنکے لئے آخر ۱۳۳۲ف فصل سے قبل جمع شدہ کا سنایا جانا ضروری ہے تاکہ ۱۳۳۵ف فصل سے وہ جمع واجب الوصول ہو سکے

لہٰذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

(۱) رقبہ زیر بندوبست کے متعلق اشتہار جسکا نمونہ ہمرشتہ منظور شدہ ہے جاری کیا جاوے یہ اشتہار طبع ہوکر صدر کے دفتر دوں تحصیلات متعلقہ دیہات زیر بندوبست میں چسپاں کیا جاوے تاکہ رقبہ زیر بندوبست کے زیر بندوبست لئے جانیکا اعلان عام ہو جاوے جملہ دیہات زیر بندوبست کی تفصیل اسمار تحصیلوار زیر بضمن اشتہار طبع ہوگئے جسقدر اشتہار تو وہ بذریعہ منادی [illegible] بھی جاری کئے جائینگے دیگر نمونہ منظور شدہ ہمرشتہ ہے یہ اشتہار بندوبست سے جاری کیا جائیگا۔

(۲) اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے حسب دفعہ ۶۰ ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء قانون مالگذاری سید محمود حسن صاحب مہتمم بندوبست کو اختیارات مہتمم بندوبست دیہات زیر بندوبست طلب میں دے جاتے ہیں صاحب مہتمم بندوبست ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء کے موافق اسی وقت تک ان اختیارات کو عمل میں لائینگے جبتک کہ رقبہ دیہات مذکورہ زیر بندوبست رہے اور عملدرآمد ان اختیارات کا جہاں منظوری کی ضرورت ہے بماتحتی و تابع منظوری اجلاس ہذا ہوگا۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے جانچ و ترمیم پیمائش کا کام شروع کیا جائیگا اسکا نتیجہ معلوم ہو جانے کے بعد جو رپورٹ تفصیلی صاحب مہتمم بندوبست کی موصول ہوگی جسکے لئے قبل ازیں احکام جاری ہو چکے ہیں وہ اس رپورٹ پر لحاظ ہوکر آئندہ کارروائی کے نسبت حکم مناسب دیا جائیگا۔ ایک نقل اس روبکار کی مع مضمون اشتہار کے بغرض اعلان عام کیلئے درج گزٹ کیجائے۔ ایک نقل مثل اجلاس میں رکھی جاوے اور ایک نقل [illegible] ہو اور اجرا اشتہار دفعہ ۵۹ کے کارروائی صادر ہونے کے بعد مثل ہذا [illegible] صاحب مہتمم بندوبست کے پاس مرسل ہو اور لکھا جاوے کہ مبلغ ۱۸ روپیہ کی منظوری علی الحساب بتفصیل آپکی رپورٹ کے موافق دیجاتی ہے اسکا باقاعدہ تخمینہ مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔

[illegible]

بحکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اشتہار

حسب دفعہ ۵۹ ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء

دیہات علاقہ جدید ریاست رامپور کی میعاد بندوبست رواں جو سنہ ۱۳۳۰ف تک [illegible] قریب الختم ہو لہٰذا دیہات علاقہ جدید میں [illegible] بندوبست کیا جانا مناسب معلوم ہوتا ہے [illegible] بذریعہ اشتہار بغرض اطلاع عام [illegible] مالکان اور سہ ماقیداران و جنگلیداران و مرتہنان و دیگر اشخاص تابعان [illegible] دیہات [illegible] جاری کیا جاتا ہے [illegible] کارروائی ختم ہونیکا اعلان کیا جائے [illegible]

[illegible] ریونیو سکریٹری بہادر

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور بابت ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۲	۲	۷	۰	۲۱	۱۹	۲	۱۵	۱۰	۲	۱	۱۳	۲۱	۳۰	۳۲	۴۹	۱۳	۰	۲	۰	۶۰	۰	۰	۰	۶۲	
گنج	۶	۱	۳	۰	۱۰	۹	۱	۱۱	۵	۱	۰	۲۰	۹	۳۲	۱۴	۴۲	۴	۰	۱	۴۳	۲	۰	۰	۰	۴۶	
حوالی شہر	۰	۶	۰	۲	۸	۰	۸	۱	۱	۱	۰	۴	۵	۶	۶	۳	۹	۰	۰	۰	۱۲	۰	۰	۰	۱۲	
عظیم نگر	۱۳	۱۱	۷	۸	۳۹	۲۰	۱۹	۳	۱	۴	۵	۴	۱	۱۱	۷	۱۱	۷	۰	۰	۱۶	۲	۰	۰	۰	۱۸	
شاہ آباد	۱۳	۳۱	۵	۱۹	۶۸	۱۸	۵۰	۵	۸	۳	۳	۴۶	۲۰	۵۴	۳۱	۲۲	۶۳	۰	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۸۵	
ٹپرانی	۲	۱۲	۱	۴	۱۹	۳	۱۶	۱	۱	۰	۰	۱۸	۱۱	۱۹	۱۲	۷	۲۴	۰	۰	۰	۳۱	۰	۰	۰	۳۱	
ملک	۵	۵۵	۴	۳۶	۱۰۰	۹	۹۱	۶	۳	۳	۱	۴۴	۲۹	۵۲	۳۳	۶	۷۹	۰	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۸۵	
بلاسپور	۳	۱	۲	۸	۱۴	۵	۹	۳	۰	۳	۰	۵	۶	۱۰	۶	۷	۹	۰	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۱۶	
کیمری	۱۱	۳۵	۷	۱۴	۶۷	۱۸	۴۹	۵	۵	۱۰	۴	۳۴	۱۲	۴۹	۲۱	۱۹	۵۱	۰	۰	۰	۷۰	۰	۰	۰	۷۰	
سوار	۲۳	۱۵	۲۴	۱۱	۷۶	۵۰	۲۶	۶	۷	۰	۳	۱۰	۱۵	۱۶	۲۴	۲۷	۱۳	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
ٹانڈہ	۱۸	۱۶	۱۳	۵	۵۲	۳۱	۲۱	۳	۴	۴	۲	۲۷	۱۵	۳۴	۲۱	۳۹	۱۶	۰	۰	۰	۵۴	۱	۰	۰	۵۵	
میزان	۱۰۶	۱۸۵	۷۳	۱۰۷	۴۷۴	۱۸۲	۲۹۲	۵۸	۴۵	۳۰	۹	۲۳۵	۱۲۲	۳۱۳	۲۰۰	۲۴۲	۲۸۰	۰	۳	۵۹	۴۵۶	۱	۰	۰	۵۲۰	